
© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: حجیت حدیث   تالیف: مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ   تدوین وفہارس: ڈاکٹر محمد اسعد صدیقی

ضخامت: ۱۹۸ صفحات   قیمت: ۱۶۵ روپے   ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

سنت کا تشریعی مقام شریعت اسلامیہ میں حدیث کی حیثیت اور حجیت حدیث پر قدیما وحدیثاً علماء نے کتابیں لکھی ہیں اور یہ سلسلہ تا ہنوز جاری وساری ہے۔ لیکن ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است کے مصداق ہر مصنف کی جداگانہ خصوصیات ہوتی ہیں۔ چنانچہ متکلم اسلام حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی سابق شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبندؒ نے حجیت حدیث کے موضوع پر ایک جامع اور مدلل کتاب لکھی ہے جس میں آپ نے حدیث کی قطعیت اس کی حجت اور اس کے مصدر شرعی ہونے پر دلائل عقلیہ ونقلیہ سے بھرپور بحث کی۔ چنانچہ یہ کتاب منکرین حدیث کے لئے ایک مسکت جواب ہے۔

کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے حصہ اول میں دلائل حجت حدیث پیش کی گئی ہے۔ اور اس میں ۱۵ دلائل سے حجیت حدیث ثابت کی گئی ہے اور حصہ دوم میں منکرین حدیث کے سات شبہات پیش کیے گئے ہیں اور ان کے جوابات میں اس کے بعد تضمین معرفت آگین کے عنوان سے علامہ اقبالؒ کے مشہور شعر

گر تو میخواہی مسلماں زیستن    نیست ممکن جز بہ قرآن زیستن

پر حضرت کاندھلویؒ نے فارسی زبان میں ۸۷ اشعار پر مشتمل تضمین تحریر فرمائی۔ جس کا ترجمہ وتشریح مدون کتاب جناب ڈاکٹر محمد سعد صدیقی بہت بہترین انداز میں پیش کیا ہے۔ آخر میں فہرست آیات فہرست احادیث اور مآخذ ومصادر کا اشاریہ بھی دیا گیا ہے۔ جبکہ کتاب کی ابتداء میں مولانا کاندھلویؒ کا مفصل تعارف ایک قابل قدر کاوش ہے۔

مدون کتاب کی قیمتی حاشیہ آرائی نے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ کیا ہے۔ امید ہے کہ تمام اہل علم حضرات اس معرکۃ الآراء کتاب سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ زمزم پبلشرز نے دیدہ زیب ٹائٹل اعلیٰ کاغذ اور بہترین کمپوزنگ سے اس کی اشاعت کا اہتمام کر کے اس کے حسن کو دوبالا کیا ہے۔

© rasailojaraid.com